19/06/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

میں وزیر Zagreb وزیر اعظم نریندر مودی نے کروشیا کا پہلا سرکاری دورہ مکمل کر لیا ہے ۔ کے ساتھ سرکاری رہائش گاہ Andrej Plenkovicاعظم مودی نے اپنے کروشین ہم منصب ، میں جامع وفد کی سطح پر بات چیت کی۔ جس دور ان تجارت ، ٹکنالوجی ، ثقافت Banski Dvori ، اور عالمی امن کی کوششوں سمیت مختلف شعبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں ممالک نے چار اہم سمجھوتوں پر دستخط کئے ہیں ۔ بعد میں دونوں
رہنماو

ں نے ایک مشترکہ پریس بیان میں جمہوری اقدار ، کثیرالجہتی اور باہمی نمو کے لئے ان کی ۂ مشترکہ وابستگی کی تصدیق کی۔ ایک علیحدہ میٹنگ میں وزیر اعظم مودی نے کروشین کے سے بھی ملاقات کی۔نئی دلی روانہ ہونے سے پہلے وزیر اعظم مودی Zoran Milanovic صدر نے اس دورے کو ایک تاریخی دورہ قرار دیا ۔

آپریشن سندھو

بھارت نے ایران اور اسرائیل کے درمیان جنگی صورتحال کے پیش نظر ایران سے بھارتی شہریوں کو نکالنے کیلئے آپریشن سندھو کا آغاز کیا ہے۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ آپریشن سندھو کے ابتدائی مرحلے کے ایک حصے کے طور پر تہران میں بھارتی سفارت خانے نے شمالی ایران سے 110 بھارتی طالب علموں کو باہر نکال لیا ہے ۔ یہ طلباءآج علی الصبح نئی دلّی پہنچ گئے ہیں۔ان میں جموں کشمیر کے طالب علم بھی شامل ہیں ۔

عمر عبد اللہ

اس دوران وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ حکومت ان طالب علموں کو دلی سے جموں کشمیر تک پہنچانے کے لئے معیاری بسوں کے ساتھ ٹرانسپورٹ خدمات یقینی بنا رہی ہے اور اس ضمن میں ریزڈنٹ کمشنر کو جموں کشمیر روڑ ٹرانسپورٹ کارپوریشن کے ساتھ تعاون کر نے کے لئے کہا گیا ہے ۔

عمر عبد اللہ ملاقات

وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے کل سرینگر میں سیاحت اور ثقافت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت سے ملاقات کی ۔ ملاقات کے دوران وزیر اعلیٰ نے مرکزی وزیر کو ان اقدامات سے متعلق جانکاری دی جو جموں کشمیر سرکار یوٹی میں سیاحت کو فروغ دینے کے لئے کر رہی ہے ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے آنے والے محرم کے سلسلے میں انتظامات کا جائزہ لینے کے لئے سول سیکرٹریٹ سرینگر میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔ وزیر اعلیٰ نے متعلقہ عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ محرم تقریبات کا احسن انعقاد تمام لازمی انتظامات بہتر کار کردگی اور انتہائی چوکسی کے ساتھ یقینی بنائیں ۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ انتظامی توجہ محرم کے صرف دس دن تک محدود نہیں ہونی چاہئے بلکہ محرم تقریبات دو ماہ اور آٹھ دن تک ہیں۔ میٹنگ میں نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری، کابینی وزراء،وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور پولیس و سول انتظامیہ کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

نائب وزیراعلیٰ

نائب وزیراعلیٰ سریندر کمار چودھری نے سول سکریٹریٹ سرینگر میں دستکاری اور ہینڈلوم کارپوریشن کے کام کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ نقصان میں چل رہے شو رومز کا ایک جامع رپورٹ پیش کریں تاکہ انہیں فعال بنانے کے لئے مناسب اقدامات اٹھائے جائیں۔ انہوں نے متعلقہ منیجنگ ڈائریکٹر سے کہا کہ وہ کارپوریشنوں کو منافع بخش بنانے پر توجہ دیں۔

یوگا

21 جون کو یو گا کے بین الاقوامی دن کے سلسلے میں تیاریاں اور سرگرمیاں زور و شور سے جاری ہیں۔ یوگا کی اہمیت کے بارے میں کشمیر میں آرٹ آف لیونگ نامی ادارے کی ریجنل ڈائریکٹرونَدنا دفتری نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

چیف سکریٹری

چیف سکریٹری اٹل ڈلو نے مشن یووا کے نفاذ کا جائزہ لینے کے لئے متعلقہ افسروں کی ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔انہوں نے ڈپٹی کمشنرز سے کہا کہ وہ ضلعی سطح پر جانکاری مہمات کو تیز کریں اور آن لائن درخواست دہندگان کی مدد کے لئے ایک مضبوط ادارہ جاتی فریم ورک قائم کریں۔

ٹرانسپورٹ کمشنر

دفتر کولگام کے کام کا ایک RTO ٹرانسپورٹ کمشنر وشیش مہاجن نے کولگام دورے کے دوران جائزہ لیا ۔ انہوںنے ٹیکسی آپریٹرز کی یونین کے ساتھ بھی بات چیت کی۔ کمشنر موصوف نے آنے والی شری امرناتھ جی یاترا کے پیش نظر شفاف طریقے پر عوام کے لئے اعلیٰ معیار کی خدمت کو یقینی بنانے پر زور دیا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت19 اعشاریہ 4 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 28 اعشاریہ8 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ